تاثرات فقھی کانفرنس

12,11 دسمبر بروز ھفتہ اتوار

ذیل میں ہم پانچویں فقہی کانفرنس منعقدہ پشاور کے بعض شرکاء ومندوبین کے کانفرنس کے بارے میں تاثرات پیش کرنا چاہتے ہیں۔ جو کہ درج ذیل ہیں۔

جناب پروفیسر حافظ محمد یٰسین بٹ صاحب

یونیورسٹی آف انجنیئر نگ اینڈ ٹیکنالوجی ٹیکسلا

جدید سائنسی عنوانات پر منعقدہ کانفرنس بہت خوش آئند اور قابل تحسین ہے۔ علمی وفکری مضامین کانفرنس میں پیش کئے گئے ہیں یہ مضامین نہ صرف تحقیقی تھے بلکہ عصری مسائل پر غور وفکر کی دعوت بھی دے رہے ہیں۔ عصر حاضر میں ملت اسلامیہ کو جو مسائل بالخصوص فقہی مسائل درپیش ہیں ان کا عملی حل قرآن وسنت اور اجتہاد کی روشنی میں لوگوں کو فراہم کرنا ہے وقت کے اہم تقاضے اور ضرورت کے پیش نظر یہ علمی تحریک ان شاء اللہ ضرور کامیاب ہوگی۔ البحوث الاسلامیہ (عربی) کی ریگولر اشاعت اور المباحث الاسلامیہ (اردو) کی ریگولر اشاعت پر مؤسس ورئیس التحریر فضیلۃ الشیخ مولانا سید نصیب علی شاہ، الھاشمی رئیس جامعۃ المرکز الاسلامی پاکستان مبارک باد کے مستحق ہیں

جناب مولانا سراج الحق صاحب

ضلع مانسہرہ تحصیل اوگی ڈاکخانہ دلبوڑی

تاثرات تو کل کانفرنس میں لکھ چکا ہوں اور متعلقہ انتظامیہ کے حوالے کر چکا ہوں۔ لیکن یہ ایک اہم بات جو میں نے بعد میں محسوس کی وہ ہے انتظامیہ کا مہمانوں سے حسن سلوک سے پیش آنا اور بروقت انتہائی مستعدی سے ان کے مشکلات حل کرنا اور رہنمائی کرنی ہے۔ نظم ونسق کسی بھی قابل قوم کی پہچان ہوتی ہے۔ اور کسی بھی ادارے اور انسٹیٹیوٹ کی ترقی میں نظم ونسق کو کلیدی کردار حاصل ہوتا ہے اس حسن انتظام اور حسن سلوک پر میں صمیم قلب سے مولانا نصیب علی شاہ کو بالخصوص اور انتظامیہ کو بالعموم مبارک باد پیش کرتا ہوں اور بارگاہ ایزدی میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ایسے افراد اور ادارے عام فرمائے اور ہم سب کے لئے دین ودنیا میں ترقی وکامیابی کا ذریعہ بنائے۔

جناب ڈاکٹر حاجی حبیب شاکر آفریدی

باڑہ خیبر ایجنسی

آج میں نے جو فقہی کانفرنس کی شمولیت کا سعادت حاصل کیا تو بڑی خوشی اور دلی سکون حاصل ہوا۔ خاص کر میڈیکل رو سے جو مقالے پیش کئے گئے بمع سکرین اس سے بڑے محظوظ اور ساتھ معلومات جدید انکشافات قرآن کی رو سے حاصل ہوئے۔ اس فقہی کانفرنس کی